# اظہارِ تشکر

مالی استحکام کے جائزے (ایف ایس آر) کی ٹیم گورنر اسٹیٹ بینک جناب جمیل احمد کی انتہائی شکر گزار ہے کہ انہوں نے حوصلہ افزائی کی اور رہنمائی فرمائی۔ ٹیم انتظامیہ کی مطبوعات جائزہ کمیٹی اور بورڈ کی تحقیق اور مطبوعات جائزہ کمیٹیوں کے ارکان کی بھی سپاس گزار ہے جنہوں نے رپورٹ پر قیمتی رائے فراہم کی۔ ہم ڈپٹی گورنر (بینکنگ اینڈ ایف ایم آر ایم) ڈاکٹر عنایت حسین کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس رپورٹ کی تیاری میں مسلسل معاونت اور نگرانی کی۔

ٹیم اسٹیٹ بینک کے مختلف شعبوں خصوصاً شعبہ معاشی پالیسی جائزہ، شعبہ تحقیق، شعبہ بینکاری پالیسی اور ضوابط، شعبہ بینکاری نگرانی، شعبہ مبادلہ پالیسی، شعبہ زرعی قرضہ اور مالی شمولیت، شعبہ ایس ایم ای، مکانات اور پائیدار مالیات، شعبہ ملکی بازار اور انتظام زر، شعبہ اسلامی مالی پالیسی، شعبہ زری پالیسی، شعبہ نظامِ ادائیگی پالیسی اور معائنہ، شعبہ ڈیٹا خدمات و اختراعات اور شعبہ شماریات کی بھی شکر گزار ہے جنہوں نے قابل قدر مشورے فراہم کیے۔

ہم سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی اپی)، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان (این سی سی پی ایل)، میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ایم یو ایف اے پی) اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے رپورٹ کے متعلقہ ابواب / حصوں پر متعلقہ ڈیٹا، تکنیکی معلومات اور تبصرے فراہم کیے۔